© rasailojaraid.com



# اخبار و افکار

## قارئین

**ہالیجی شریف | حضرت ہالیجوی رحمۃ اللہ کے متوسلین کو ہدایت**

جمعیۃ العلماء اسلام کے ممتاز رہنما اور درگاہ عالیہ قادریہ راشدیہ کے سجادہ نشین حضرت اقدس مولانا حافظ محمود اسعد مدظلہ العالی جانشین حضرت ہالیجوی نور اللہ مرقدہ نے حضرت رحمۃ اللہ علیہ والغفران کے متوسلین اور معتقدین کو حکم فرمایا ہے کہ تمام مسلمان عموماً اور حضرت رحمۃ اللہ کے متوسلین اور معتقدین خصوصاً جلد از بد جمعیۃ العلماء اسلام کا رکنیت فارم پر کرکے جمعیت میں شمولیت اختیار کریں، اسکو اپنے لئے سعادت سمجھیں، آپ نے فرمایا کہ تعاونوا علی البر والتقوی ۔ الآیۃ ۔ کہ قرآنی اصول پر عمل پیرا ہوکر وارثان رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہو جائیں آپ نے فرمایا کہ جمعیت العلماء اسلام ہی واحد جماعت ہے جو ملک میں صحیح معنوں میں اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کرتی ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ : یاایھا الذین اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین ۔ الآیۃ ۔ اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور سچے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ ۔ اور سچے لوگ یہی علماء کرام ہیں ۔ جمعیت العلماء اسلام کی تحریک عین اسلامی جہاد ہے ۔ ارشاد النبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام ہے : الجہاد ماض الی یوم القیامۃ ۔ الحدیث ۔ یعنی جہاد قیامت تک جاری رہے گا، آپ نے اپنی جماعت کے کارکنوں کو حکم فرمایا ہے کہ جمعیۃ کے کام کو رات دن جاری رکھیں اور اس کام میں سستی اور کنارہ کشی نہ کریں اور قائد جمعیت حضرت مفتی صاحب مدظلہ العالی کے مشن کو منظم اور فعال طریقے سے آگے بڑھانا آپ کا فرض ہے ۔

(محمود اسعد از درگاہ ہالیجی شریف ۱۳/۲/۹۹)

**مولانا قاضی امان اللہ کی وفات | حضرت مولانا قاضی امان اللہ صاحب مرحوم کا انتقال ۲۶ محرم ۱۳۹۹ھ**

بشب بدھ ساڑھے گیارہ بجے بعمر ۸۵ سال ہوا ۔ اور بروز جمعرات بعد از نماز ظہر نماز جنازہ پڑھی گئی ۔ مرحوم جامع المعقول والمنقول عالم تھے ایک عرصۃ تک ڈاگئی کے مدرسہ مظہر العلوم میں درس دیتے رہے تقریباً ۵۵ سال تک تدریس دیتے رہے ۔ مرحوم کے پسماندگان میں چار صاحبزادے ہیں جو علمی مشاغل میں مصروف ہیں ۔ مرحوم کی وفات سے اس علاقے میں ایک زبردست علمی خلا پیدا ہوا حق تعالیٰ مرحوم کو درجات عالیہ عطا فرماوے ۔

(مولانا محمد اللہ مظہر العلوم ڈاگئی تحصیل صوابی)

© rasailojaraid.com